الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

گلدستہ

(درود و سلام و دعاؤں کا مجموعہ)



نقشِ پا رسول پاک ﷺ

برکات نقش پا مبارک ﷺ

جو ہمیشہ اپنے پاس رکھے معزز ہو۔
جس قافلے میں ہو نہ لوٹا جائے۔
جس مال میں رہے چوری سے محفوظ رہے۔
زیارت روزہ اقدس نصیب ہو۔
جس حاجت میں اس سے توسل کیا جائے پوری ہو۔
جو بے اولاد پانچ تسبیح درود شریف پڑھ کر نقش پاک کے توسط سے دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ اسے اولاد سے نوازیگا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ

دربارِ نبوت کے جلیل القدر اور بہت ہی مقرب صحابی حضرت ابو درداءؓ فرماتے ہیں کہ سرکارِ مدینہ ﷺ نورِ مجسم نبی محترم ہمارے آقا و مولیٰ محمد رسول ﷺ نے فرمایا ہے کہ:

مجھ پر ہر جمعہ کے دن دُرود پاک پڑھنے میں کثرت کرو کیونکہ یہ دن مشہود ہے اور اس میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں جو بھی شخص مجھ پر دُرود شریف پڑھتا ہے اس کی آواز مجھ تک پہنچ جاتی ہے وہ بندہ کہیں بھی ہو۔

چھ لاکھ درود شریف کا ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا
مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ صَلٰوۃً
دَآئِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ ط

شیخ الدلائل سیّد علی بن یوسف مدنی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے کہ اس درود شریف کو ایک بار پڑھنے سے چھ لاکھ درود شریف کا ثواب حاصل ہوتا ہے اور ایک روایت یہ بھی ہے کہ جو اس درود شریف کو ہر روز ہزار بار پڑھے گا وہ دونوں جہاں میں سعادت مند ہوگا اس درود شریف کو صلوٰۃ السّعادت کہتے ہیں۔

مال میں خیر و برکت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَعَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ
وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ط

صاحب روح البیان فرماتے ہیں جو شخص اس درود پاک کو پڑھے گا اس کا مال و دولت دن رات بڑھے گا۔ (انشاءاللہ)

درود شفاعت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْہُ
الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ
یَوْمَ الْقِیَامَۃِ ط

رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص یوں درود پاک پڑھے اس کیلئے میری شفاعت واجب ہو جاتی ہے (الترغیب والترہیب، آب کوثر)

حضرت علامہ سخاویؒ قول بدیع میں حضرت سلیمان بن حکیمؒ سے نقل بیان فرماتے ہیں میں نے خواب میں حضور سرکار دو عالم ﷺ کی زیارت کی اور عرض کیا یارسول اللہ ﷺ جو لوگ آپ ﷺ کے آگے حاضر ہوتے ہیں اور سلام عرض کرتے ہیں تو کیا آپ ﷺ اس کو سنتے ہیں فرمایا نعم آخر الزماں ﷺ نے کہ ہاں سنتا ہوں اور سلام کا جواب بھی دیتا ہوں اس ضمن میں کئی مثالیں بھی موجود ہیں لیکن ہم یہاں ایک مثال پیش کر رہے ہیں الشیخ حضرت ابراھیم بن نشیانؒ فرماتے ہیں حج سے فارغ ہو کر میں مدینہ منورہ حاضری کے لئے روانہ ہوا اور وہاں پہنچ کر روضۂ اقدس پر سلام عرض کیا۔ میں نے مواجہ شریف کے اندر سے صاف صاف آواز سنی وعلیکم السلام۔

ایک لاکھ درود پاک کا ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النُّوْرِ الذَّاتِیِّ السَّارِیْ فِیْ جَمِیْعِ الْاٰثَارِ وَالْاَسْمَآءِ وَالصِّفَاتِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ ط

اس درود پاک کو ایک بار پڑھا جائے تو ایک لاکھ بار درود شریف پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔ نیز اگر کسی کو کوئی حاجت درپیش ہو تو یہ درود پاک پانچ سو بار پڑھے انشاء اللہ عزوجل حاجت پوری ہوگی۔ (احسن الکلام فی فضائل الصلوٰۃ والسلام)

جلیل وقدر صحابی رسول اللہ ﷺ حضرت سیدنا ابوامامہؓ بیان فرماتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے مجھ سے وعدہ کیا ہے کہ جب میں اس دنیا پر قدم کر لونگا تو مجھے ہر ایک درود شریف پڑھنے والے کا درود سنائے گا حالانکہ میں مدینہ منورہ میں ہونگا اور میری اُمت مشرق و مغرب میں ہوگی۔ اور فرمایا کہ اے ابوامامہ اللہ تعالیٰ ساری دنیا کو میرے روضہ مقدس میں کردے گا اور میں ساری مخلوق کو دیکھتا ہوں گا اور ان کی آوازیں سن لونگا اور جو مجھ پر ایک مرتبہ درود پاک پڑھے گا اللہ تبارک وتعالیٰ اس ایک درود کے بدلے اس شخص پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا اور جو مجھ پر دس بار درود پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس پر سو رحمتیں نازل فرمائے گا۔

ہر قسم کی پریشانی سے نجات کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ
اَدْرِکْنِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ط

21-61

ہر قسم کی پریشانی کے لئے یہ درود شریف مفید ہے۔

ایک ہزار دن کی نیکیاں

جَزَی اللّٰہُ عَنَّا ط
(سَیِّدَنَا وَمَوْلٰنَا) مُحَمَّدًا
(صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ)
مَا ھُوَ اَھْلُہٗ ط

اس درود شریف کو پڑھنے والے کیلئے ستر فرشتے ایک ہزار دن تک نیکیاں لکھتے ہیں۔

اسّی سال کے گناہ معاف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ ط

سہل بن عبداللہ ؓ سے روایت ہے کہ سرکار ﷺ نے فرمایا جو کوئی جمعہ کے روز عصر کے بعد اسّی (80) بار یہ درود پڑھے اللہ عزوجل اس کے اسّی (80) برس کے گناہ معاف فرمادے گا۔ (القول البدیع)

دو غلام آزاد کرنے کا ثواب

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ (ﷺ)

جو رات کو سونے سے قبل یہ کلمہ پڑھے اسے دو غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا۔

زیارت رسول اکرم ﷺ کے طلبگاروں کا تحفہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَعَلٰی جَسَدِہٖ فِی الْاَجْسَادِ وَعَلٰی قَبْرِہٖ فِی الْقُبُوْرِ ط

حدیث: جو شخص یہ درود پاک پڑھے گا اس کو خواب میں میری زیارت ہوگی اور جس نے خواب میں مجھے دیکھا وہ مجھے قیامت کے دن بھی دیکھے گا اور جو مجھے قیامت کے دن دیکھ لے گا میں اس کی شفاعت کروں گا وہ حوض کوثر سے پانی پئے گا اور اس کے جسم کو اللہ عزوجل دوزخ پر حرام کر دیگا۔

(کشف الغمہ۔ القول البدیع)

اَللّٰہُ اَکْبَرُ (عَزَّوَجَلَّ)

جو صبح و شام سو مرتبہ یہ کلمہ کہے تو اس دن اس سے اچھا عمل کسی نے نہ کیا مگر جس نے اس سے زیادہ پڑھا۔

سونے کا پہاڑ خیرات کرنے سے زیادہ ثواب

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ

ستر بلاؤں سے عافیت کی دُعا

بِسْمِ اللّٰہِ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

غصہ آنے کے وقت کی دُعا

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

وسوسہ دور کرتے وقت کی دُعاء

اَللّٰہُ اَحَدٌ اَللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ
وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ
اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

مُصیبت کے وقت کی دُعاء

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ط

اَللّٰھُمَّ اْجُرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَاَخْلِفْ لِیْ خَیْرًا مِّنْھَا

بِسْمِ اللّٰہِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ (صلی اللہ علیہ وسلم)

جو شخص یہ کلمات کسی محفل میں پڑھے وہ دوسروں کی غیبت سے محفوظ رہے گا اور محفل سے اُٹھتے وقت پڑھے تو اہلِ محفل اسکی غیبت سے محفوظ رہیں گے۔

سُبحَانَ اللہِ (عَزَّوَجَلَّ)

جو شخص صبح و شام سو سو مرتبہ یہ کلمہ پڑھے وہ سورج کرنے والے کی مانند ہے۔

بیس سیکنڈ میں بیس ہزار نیکیاں

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ

ہر نماز کے بعد دس مرتبہ کہنے والے کو بیس ہزار نیکیاں ملتی ہیں اور سو مرتبہ کہنے والے اور جنت کے درمیان تو موت کے سوا اور کوئی رکاوٹ نہیں ہوتی یعنی مرتے ہی جنت میں داخل ہوگا۔

جب کوئی چیز غمگین کرے اس وقت کی دُعا

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ ط

رزق میں کشادگی اور کاروبار میں برکت کی دُعا

سُبْحَانَ اللہِ وَبِحَمْدِہٖ
سُبْحَانَ اللہِ الْعَظِیْمِ
وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللہَ

جو شخص یہ دعا فجر کی سنتوں اور باجماعت فرضوں کے درمیان سو مرتبہ روزانہ پڑھے گا تو تمام گناہ معاف ہو جائیں گے اور کاروبار اگر بالکل بند بھی ہو تو ایسی برکت ہوگی کہ پڑھنے والا گمان کرے گا کے ساری دنیا کے خزانوں کے منہ میرے لئے کھل گئے ہیں۔

ادائے قرض کی دُعاء

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ
وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ط

شوگر یا بلڈ پریشر LOW ہو جائے تو

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا بَاسِطُ

101 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں۔

شوگر یا بلڈ پریشر HIGH ہو جائے تو

یَا اَللّٰہُ یَا رَحِیْمُ یَا قَابِضُ

101 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں۔

دِل کے تمام اَمراض اور کمزوری دُور کرنے کیلئے مُجرّب دُعا

یَا قَوِیُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِیْ وَ قَلْبِیْ ط

ہر نماز کے بعد سیدھا ہاتھ دل پر رکھ کر گیارہ مرتبہ پڑھیں اور پھر سینے پر دم کر لیں۔

گھر سے نکلتے وقت کی دُعا

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ط

سفر کی دُعا

سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ
مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ

گھر میں داخل ہوتے وقت کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَ
الْمَوْلَجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ

ستاروں کے برابر نیکیاں

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ ھٰذَا بَاطِلًا
سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

مُصیبت زدہ کو دیکھتے وقت کی دُعاء

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ
بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا

حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ
تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

حضرت ابودرداءؓ فرماتے ہیں کہ جو شخص صبح وشام سات بار یہ دعا پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کہ سارے کام بنادے گا اور جو ارادہ کر رہا ہو اس کو پورا فرمائے گا۔

سَیِّدُ الْاِسْتِغْفَار

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ
وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ
مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا
صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ
بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ فَاِنَّهٗ لَا
یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ ۝

مفہومِ حدیثِ پاک:- جس بندے نے اخلاص اور دل کے یقین کے ساتھ دن کے کسی حصہ میں اللہ تعالیٰ کہ حضور میں یہ (استغفار) پیش کیا اور اسی دن رات شروع ہونے سے پہلے اس کو موت آگئی تو وہ بلاشبہ جنت میں جائے گا اور اسی طرح اگر کسی نے رات کو کسی حصہ میں پڑھا اور صبح ہونے سے پہلے اسی رات چل بسا تو وہ بلاشبہ جنت میں جائے گا۔